PUBLIC

SCBPL/CS/026/2022

07 April 2022

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Dear Sir,

**Notice of Extra Ordinary General Meeting of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited**

Enclosed please find a copy of the Notice of Extraordinary General Meeting to be held on Thursday, 28 April 2022. The notice will also be published in the newspapers on 7 April 2022.

This is for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours truly,

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Enclose as above



Incorporated in Pakistan with limited liability. The registered office of the company is situated at I.I. Chundrigar Road, Karachi.

Published in Business Recorder on 07Apr22

standard chartered

**REGISTERED OFFICE**
Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited
Main Building, P.O. Box 5556,
I.I. Chundrigar Road, Karachi-74000

**SHARE REGISTRAR**
CDC-Share Registrar Services (Pvt,) Ltd.
CDC House, 99-B, Block B, SMCHS,
Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting ("EoGM") of the shareholders of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("**Bank**") will be held on Thursday, 28 April 2022 at 2:00 p.m. at The Institute of Bankers, Pakistan, M.T. Khan Road, Karachi (physical & virtual meeting), to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To elect seven (7) Directors of the Bank, as fixed by the Board of Directors under section 159(1) of the Companies Act, 2017 ("the Act"), for a term of three years in place of the following retiring Directors who are eligible for election/re-election.
   a. Mr. Ian Anderson Bryden
   b. Mr. Rehan M. Shaikh
   c. Mr. Mohamed Abdel Razek
   d. Mr. Adam Long
   e. Mr. Towfiq Habib Chinoy
   f. Mr. Ehsan Ali Malik
   g. Ms. Spenta Captain Kandawalla

**SPECIAL BUSINESS**

2. To consider and, if thought fit, to pass a special resolution, with or without modifications, for the amendments in the Articles of Association of the Bank (subject to necessary regulatory approvals).

   The statement of material facts in relation to aforesaid special business, as required under Section 134(3) of the Act is attached to this notice.

**OTHER BUSINESS**

3. To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the chair.

By Order of the Board

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Karachi: 7 April 2022

**STATEMENTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017:**

**Agenda Item: Amendments in the Articles of Association of the Bank**

1. The existing Articles of Association ("AOA") of the Bank have been redrafted in their entirety and replaced by the amended AOA in order to comply with the provisions under the Companies Act, 2017 (the "Act"), which has repealed and replaced the erstwhile Companies Ordinance 1984 and various changes in the other applicable laws and regulations.
2. In this respect, the amended/altered AOA will be laid before the members in the EoGM scheduled on 28 April 2022.
3. In line with the requirements of Section 38 read with SRO 423(I)/2018 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") dated 3 April 2018, following disclosures are being made:
   a) The revised AOA and existing AOA along with comparative table of amendments are provided in the CD/DVD, attached hereto, as integral part of this notice.
   b) The existing AOA of the Bank have been amended mainly to reflect the provisions of the Act which has repealed and replaced the erstwhile Companies Ordinance, 1984.
   c) The Board confirms that the proposed alterations to the AOA are in line with the applicable provisions of the law and regulatory framework.
   d) A copy of each of the existing AOA and proposed AOA indicating the proposed amendments are available for inspection at the registered office of the Bank during business hours on any working day.
4. For the purpose of aforesaid, it is proposed to consider and, if thought fit, to pass the following special resolution(s), with or without modifications, to adopt a new set of AOA of the Bank:

   "**Resolved that** pursuant to Section 38 of the Companies Act, 2017 ("the Act"), and all other applicable provisions of the Act and other applicable laws and regulations, the existing Articles of Association of the Bank be and are hereby substituted by the new set of Articles of Association, as laid before the meeting."

   "**Further Resolved that** Special Resolution be filed with the Registrar and that Company Secretary be and is hereby authorised to fulfil all requisite legal, corporate and procedural formalities for formalising the revised Articles of Association of the Bank."
5. None of the directors of the Bank have any personal interest in the alterations/amendments/substitution of AOA of the Bank, except in their capacity as shareholders or directors of the Bank.

**NOTES:**

1. The Share Transfer Books of the Bank will remain closed from Thursday, 21 April 2022 to Thursday, 28 April 2022 (both days inclusive).
2. Any person seeking to contest the election to the office of director shall, whether he is a retiring director or otherwise, file the following with the Company Secretary of the Bank at its Registered Office, Standard Chartered Bank, Main Building, I.I. Chundrigar Road, Karachi, not later than 14 days before the date of the above said meeting.
   a. Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election as a director, in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017. He/She should also confirm that he/she is not ineligible to become director of the Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited under any applicable laws, regulations, circulars/directives of State Bank of Pakistan ("SBP") and the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.
   b. Consent to act as a director in Form 28 under Section 167 of the Companies Act, 2017.
   c. Fit and Proper Test proforma, Affidavit and Questionnaire with a copy of recent CV, CNIC/Passport, Academic Certificates and Photograph, in terms of the requirements of SBP's BPRD Circular No. 5 dated 22 November 2021. A copy of the said Circular with proforma and prescribed Affidavit may be obtained on written request before the due date from the office of the Company Secretary of the Bank.
3. In terms of the criteria prescribed by the SBP, the association of the following persons as a director is undesirable and against the public interest:
   a. A person who is/has been associated with any illegal activity, especially relating to banking business; and
   b. A person who in his/her individual capacity or a proprietary concern or any partnership firm or any private limited company or any unlisted public company or any listed public company (of which he/she has been a proprietor, partner, director or shareholder), has been in default of payment of dues owed to any of the financial institution and/or in default of payment of any taxes.

   Moreover, as per SBP requirements, a person is not permitted to be a director of more than one Bank/DFI.
4. **Participation in EoGM through Online Platform/Facility**
   Arrangements have been made by the Bank to facilitate the participation of the shareholders in the EoGM through Online Platform/Facility, either in-person or through appointed proxies. Shareholders are requested to get themselves registered with the Company Secretary Office, at least 24 hours before the time of the EoGM by providing following details at cosec.pk@sc.com.

| Folio/CDC Account No. | Name of Shareholders | CNIC No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Upon receipt of the above information from the interested shareholders, the Bank will send the login details at their email addresses. On the EoGM day, shareholders will be able to login and participate in the EoGM proceedings through their smartphones or computer devices. Login facility will be opened 15 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting, after identification and verification process.

   Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Bank as at Wednesday, 20 April 2022 will be entitled to attend/participate in/vote at the EoGM.
5. A member entitled to attend and vote at the above meeting is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies, in order to be valid, must be received by the Bank at its registered office marked for the attention of the office of the Company Secretary, not less than 48 hours before the time for holding the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.
6. Members are requested to notify change in their address, if any, to the Share Registrars, Messer CDC-Share Registrar Services (Pvt.) Ltd., CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main Shahra-e-Faisal, Karachi – 74400, Toll Free: 0800-CDCPL (23275), Fax: (021) 34326053, Email: info@cdcsrsl.com.
7. The Bank will provide the facility of video link for attending the meeting if the said consent is received from members holding at least 10% of the total paid up capital not later than 7 days before the date of EoGM.
8. **A. For attending the Meeting:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerised National Identity Card ("CNIC") or original passport at the time of attending the Meeting.
   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

   **B. For Appointing Proxies:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of the CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Bank.
9. Members may inspect the minutes of the Annual General Meeting held on Tuesday, 29 March 2022, in terms of Section 52 of the Companies Act 2017, at the Bank's registered address.
10. Statutory Code of Conduct at General Meetings: Section 215 of the Companies Act 2017, and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, state the Code of Conduct of Shareholders, as follows:

    Shareholders are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Shareholders shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the general meeting is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the general meeting and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation. Additionally, the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its shareholders in its meetings as per Section 185 of the Act.

Published in Express Urdu on 07Apr22

standard chartered

**رجسٹرڈ آفس**
اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، مین بلڈنگ
پی او بکس 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی-74000

**شیئر رجسٹرار**
CDC شیئر رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B
سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (''بینک'') کے حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام ("EoGM") 28 اپریل 2022، بروز جمعرات بوقت 2:00 بجے دوپہر، دی انسٹیٹیوٹ آف بینکرز، پاکستان، ایم ٹی خان روڈ، کراچی (فزیکل اور ورچوئیل اجلاس) میں درج ذیل کارروائی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی کارروائی:**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 (''ایکٹ'') کے تحت مقرر کردہ بینک کے سات (7) ڈائریکٹرز کو درج ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز جو منتخب/دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں، کی جگہ پر 3 سال کی مدت کیلئے منتخب کرنا۔

1۔ محترم آئن اینڈرسن بریڈن
2۔ محترم ریحان محمد شیخ
3۔ محترم محمد عبدالرازق
4۔ محترم ایڈم لانگ
5۔ محترم توفیق حبیب چنائی
6۔ محترم احسان علی ملک
7۔ محترمہ اسپیٹا کپٹین کانڈاوالا

**خصوصی کارروائی:**

2۔ بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (ضروری ریگولیٹری منظوری سے مشروط) میں ترامیم پر غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر ایک خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

مذکورہ خصوصی کارروائی کے سلسلے میں ایکٹ کی دفعہ (3)134 کے تحت درکار مادی حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

**دیگر کارروائی:**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی اور کارروائی عمل میں لانا۔

بحکم بورڈ

**آصف اقبال عالم**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
7 اپریل 2022

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیانات:**

**ایجنڈا آئٹم: بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') جس نے سابقہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کو منسوخ کر کے اس کی جگہ لے لی ہے، کی دفعات اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضوابط میں مختلف تبدیلیوں کی تعمیل کرنے کیلئے بینک کے موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ("AOA") کو مکمل طور پر دوبارہ تیار کیا گیا ہے اور ترمیم شدہ AOA سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔

2۔ اس سلسلے میں، موجودہ AOA کو ترمیم شدہ/تبدیل شدہ AOA کے ذریعے مکمل طور پر تبدیل کر دیا گیا ہے اور اسے 28 اپریل 2022 کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

3۔ سیکشن 38 کی ضروریات اور 3 اپریل 2018 کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کے ذریعہ جاری کردہ SRO 423(I)/2018 کے ساتھ پڑھا جائے کے مطابق، درج ذیل انکشافات کئے جا رہے ہیں:

a) نظر ثانی شدہ AOA اور موجودہ AOA کے ساتھ ترمیمات کا تقابلی جدول CD/DVD میں فراہم کئے گئے ہیں، جو اس نوٹس کے لازمی حصے کے طور پر یہاں منسلک ہیں۔
b) بینک کے موجودہ AOA میں بنیادی طور پر ترمیم کی گئی ہے تاکہ ایکٹ کی دفعات کی عکاسی کی جاسکے جنہوں نے سابقہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کو منسوخ اور تبدیل کر دیا ہے۔
c) بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ AOA میں مجوزہ تبدیلیاں قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کی قابل اطلاق دفعات کے مطابق ہیں۔
d) موجودہ AOA اور ترامیم کی نشاندہی کرنے والے مجوزہ AOA کی نقول کسی بھی کام کے دن کاروباری اوقات کے دوران بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں معائنہ کیلئے دستیاب ہیں۔

4۔ مذکورہ مقصد کیلئے، یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ بینک کے AOA کے ایک نئے سیٹ کو اپنانے کیلئے، مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور کیا جائے اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر منظور کیا جائے۔

''**قرار پایا کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 (''ایکٹ'') کے سیکشن 38، اور ایکٹ کی تمام دیگر قابل اطلاق دفعات اور دیگر قابل اطلاق قوانین وضوابط کے مطابق، بینک کے نئے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن بینک کے موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی جگہ لے لیں گے، جو کہ اجلاس کے سامنے پیش کئے گئے۔''

''**مزید قرار پایا کہ** خصوصی قرارداد رجسٹرار کے پاس دائر کی جائے گی اور کمپنی سیکریٹری اس کے ذریعے بینک کے نظر ثانی شدہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو باضابطہ بنانے کیلئے تمام ضروری قانونی، کارپوریٹ اور دستورِ عمل سے متعلقہ رسمی کارروائیاں کرنے کا مجاز ہے۔''

5۔ بینک کے کسی بھی ڈائریکٹر کی بینک کے AOA کی تبدیلی/ترمیم/بدل میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ بینک کے شیئر ہولڈر یا ڈائریکٹر کی حیثیت سے ہو۔

**نوٹس:**

1۔ بینک کی حصص کی منتقلی کی کتابیں جمعرات 21 اپریل 2022 سے جمعرات 28 اپریل 2022 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹرز کے الیکشن میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، چاہے وہ کوئی ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا بصورت دیگر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو رجسٹرڈ آفس، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، مین بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پر مذکورہ اجلاس سے کم سے کم 14 دن قبل درج ذیل دستاویزات جمع کروائے گا۔

الف۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے الیکشن کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔ وہ اس بات کی بھی تصدیق کریگا کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان ("SBP") کے سرکلرز/ہدایات، ضوابط، قابل اطلاق قوانین کے تحت کسی بھی طرح وہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے نا اہل قرار نہیں دیا جاسکتا۔

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے فارم 28 کے تحت بطور ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کی خواہش کا اظہار۔

ج۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے BPRD سرکلر نمبر 5 بتاریخ 22 نومبر 2021 کے تحت فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ پر فارما، حلف نامہ اور سوالنامہ مع موجودہ CV، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ، تعلیمی اسناد کی نقل اور تصویر۔ مذکورہ سرکلر کی نقل مع پرفارما اور تجویز کردہ حلف نامہ، جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل بینک کے کمپنی سیکریٹری کے آفس سے تحریری درخواست دے کر حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

3۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے متعین کردہ معیار کے مطابق وہ فرد جس کا تعلق مندرجہ ذیل عوامل سے ہو، اس کی بطور ڈائریکٹر تقرری قابل قبول نہ ہوگی اور یہ تقرر عوام کے مفاد میں نہ ہوگا۔

الف۔ وہ فرد جو کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں خصوصاً بینکنگ کاروبار کے حوالے سے ملوث ہو/رہا ہو۔

ب۔ جو انفرادی طور پر کسی ایسی جائیداد کا مالک یا کسی ادارے کا شراکت دار یا ڈائریکٹر یا کسی نجی لمیٹڈ کمپنی یا غیر لسٹڈ پبلک کمپنی یا کسی لسٹڈ کمپنی (جس کا وہ مالک، شراکت دار، ڈائریکٹر یا شیئر ہولڈر رہا ہو) کا کسی مالی ادارے اور ٹیکسز کے حوالے سے نادہندہ رہا ہو۔

مزید برآں، SBP کی شرائط کے مطابق، ایک شخص کو ایک سے زیادہ بینک/DFI کا ڈائریکٹر بننے کی اجازت نہیں ہے۔

4۔ **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن پلیٹ فارم/سہولت کے ذریعے شرکت**

بینک کی جانب سے غیر معمولی اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی بذریعہ آن لائن پلیٹ فارم شرکت (چاہے ذاتی طور پر یا مقررہ پراکسیز کے ذریعہ) کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی سیکریٹری آفس سے غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل درج ذیل تفصیلات کے ساتھ cosec.pk@sc.com پر رجسٹریشن کروائیں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی کے بعد بینک لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر بھیجے گا غیر معمولی اجلاس عام کے دن شیئر ہولڈر اپنے گھر سے اپنے اسمارٹ فون اور کمپیوٹر ڈیوائس کے ذریعے لاگ ان ہوسکیں گے اور غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔ لاگ ان کی سہولت میٹنگ کے وقت سے 15 منٹ قبل کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہوسکیں۔

صرف وہ ممبران جن کے نام بدھ، 20 اپریل 2022ء کو بینک کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے وہی اس غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے، ووٹ دینے اور ڈیویڈنڈ لینے کے اہل ہوں گے۔

5۔ ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے یا پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کیلئے لازم ہے کہ وہ بینک کو اپنی دستاویزات اس کے رجسٹرڈ آفس پر، جو کمپنی سیکریٹری کے نام ہوں، اجلاس سے 48 گھنٹے قبل اور درست طور پر مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہوں کی موجودگی میں تیار کر کے بھیجیں۔ کسی ممبر کو ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

6۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونے والی کسی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400، ٹول فری 0800-CDCPL (23275)، فیکس 34326053 (021)، ای میل info@cdcsrsl.com پر آگاہ کریں۔

7۔ بینک اجلاس میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گا اگر کل ادا شدہ سرمائے کا کم از کم 10% رکھنے والے ممبرز کی جانب سے مذکورہ رضامندی غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے 7 دن پہلے موصول ہوجاتی ہے۔

8۔ **(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، نامزد کرنیوالے کے دستخط کیساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

**(ب) پراکسیز کی نامزدگی کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں پراکسی فارم مندرجہ بالا قواعد کے مطابق پُر کر کے پیش کرنا ہوگا۔

(II) پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے نمبر فارم پر لکھے ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور اصل مالک کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

(iv) پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، نامزد کرنے والے کے دستخط کے ہمراہ پراکسی فارم کیساتھ بینک میں جمع کرانا ہوگا۔

9۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 52 کے مطابق ممبرز بینک کے رجسٹرڈ پتے پر منگل، 29 مارچ 2022 کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے منٹس کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

10۔ عام اجلاسوں میں قانونی ضابطہ اخلاق: کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 28 شیئر ہولڈرز کیلئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق بیان کرتے ہیں:

شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کیلئے براہ راست انتظامیہ سے رجوع کرنے یا اثر ورسوخ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جو انتظامیہ کے معمول کے کام میں رکاوٹیں پیدا کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ قانون میں کہا گیا ہے کہ شیئر ہولڈرز کو ایسا مواد نہیں لانا چاہئے جو ممبرز یا اس احاطے کیلئے خطرہ ہو جس میں اجلاس عام کا انعقاد کیا جاتا ہے، خود کو اجلاس عام کے نوٹس میں اٹھائے گئے ایجنڈے کے آئٹمز تک محدود رکھنا چاہئے، اور کوئی ایسا برتاؤ نہیں کرنا چاہئے جس سے کوئی سیاسی وابستگی ظاہر ہو۔ اس کے علاوہ، ایکٹ کے سیکشن 185 کے مطابق کمپنی کو اجلاسوں میں اپنے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔